© rasailojaraid.com



ہوسکتی تھی اس لیے مقدمہ میں صفحہ ۲ پر اس سے معذرت کردی گئی تھی لیکن "غلامانِ اسلام" پر جن اربابِ علم نے تبصرہ کیا ہے یا اپنے ذاتی خطوط یا زبانی گفتگو میں اُس پر اظہارِ خیال کیا ہے۔ وہ سب اس پر متفق ہیں کہ ایک الگ جلد میں ان سلاطین کا ذکر ضرور ہونا چاہیے۔ ورنہ کتاب ادھوری رہیگی۔ ان بزرگوں اور دوستوں کی اس وقیع رائے کی بنا پر اب اس کام کو بھی شروع کردیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اُس کے اتمام و تکمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ ہمیں اُمید ہے کہ ہمارے احباب اس اعلان کے بعد مطمئن ہوجائینگے۔

---

۲۳۔ فروری کو انجمن ترقی ادب دہلی کا دوسرا سالانہ اجلاس دہلی کے ٹاؤن ہال میں ہوا۔ یہ اجلاس تین نشستوں پر مشتمل تھا۔ پہلی نشست مقالات کی صدارت پروفیسر رشید احمد صاحب صدیقی (علیگ) نے کی۔ اس نشست میں متعدد ادبی اور علمی پُر از معلومات اور دلچسپ مقالات پڑھے گئے۔ مولانا حفظ الرحمٰن صاحب نے اس جلسہ میں جو مقالہ پڑھا تھا وہ "برہان" کی اس اشاعت میں ہدیۂ ناظرین ہے۔ دوسری نشست تقریروں کی تھی جس میں متعدد اربابِ علم وادب نے حصّہ لیا۔ تیسری نشست مشاعرہ کی تھی جو سر رضا علی کی زیر صدارت منعقد ہوئی۔ مقامِ مسرت ہے کہ اجلاس کی تینوں نشستیں خاطر خواہ طریقہ پر کامیاب رہیں۔ اجتماع بھی بہت اُمید افزا تھا۔ جس میں ہر مذہب وملت کے لوگ شریک تھے۔ اجلاس کی کامیابی کے لیے انجمن کے پُرجوش وسرگرم سکرٹری ہمارے دوست مسٹر ہدایت الرحمٰن محسنی ایم اے، اُن کے رفیق شارق صاحب ایم۔اے اور دوسرے کارکن لائق مبارکباد ہیں۔ اور ہم دعا کرتے ہیں کہ اُردو زبان وادب کی خدمت کی راہ میں انجمن اپنے حوصلوں اور ارادوں کے مطابق زیادہ سے زیادہ ٹھوس اور مفید کام کرسکے۔

---



© rasailojaraid.com